# رسید تحائفِ احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں۔ ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) (واضح رہے کہ یہ تحائف کا تذکرہ اور ان کی وصولی کی رسید ہے کوئی تبصرہ نہیں اور نہ ہم خود کو کسی تبصرہ کا اہل خیال کرتے ہیں)۔ مجلس ادارت۔

اس بار موصول ہونے والے تحائف میں دو تحفے ایسے ہیں جو ہمارے اسی ماہ ماریشس اور ترکی کے سفر سیاحت وزیارات کے دوران ہمیں ایک عالم دین جناب مولانا محمد آصف رضا برکاتی مصباحی نے ماریشس میں عنایت فرمائے، ان میں سے ایک ہے......نور الحبیب فی شرح امداد اللبیب......یہ منطق کی معروف کتاب تہذیب المنطق کی عربی شرح امداد اللبیب لافہام التہذیب کی اردو شرح ہے۔علامہ آصف صاحب ان دنوں ماریشس کی سنی رضوی سوسائٹی کی اس ونگ کے ترجمان ہیں جو سنی رضوی فاؤنڈیشن کے اصل مکتب میں واقع ہے......علامہ صاحب نے ۲۰۱۲ء میں جب یہ شرح لکھی تب آپ جامعہ عربیہ نجیب الاسلام نجیب آباد بجنور میں مدرس تھے۔آپ نے جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ سے تکمیل علوم کی ہے......آپ کا وطن مالوف قصبہ ڈھکیہ جٹ مراد آباد یوپی ہے۔زیر نظر کتاب میں آپ نے یہ اسلوب اختیار کیا ہے کہ اولاً اصل عبارت تحریر کرتے ہیں پھر اس کا اردو ترجمہ پیش کرتے ہیں پھر تشریح اور تعلیقات......ایک اقتباس ملاحظہ ہو "..........لغت میں تناقض کہتے ہیں کسی چیز کے اثبات اور رفع اثبات کو مثلاً عدد کے لئے زوجیت (جفت ہونا) ثابت کرنا اور جب یہ طاق ہو تو زوجیت کا اس سے ارتفاع کرنا۔اصطلاح میں تناقض کہتے ہیں دو قضیوں کا ایجاب وسلب میں اس طرح مختلف ہونا کہ ان میں سے ایک کا صدق دوسرے کے کذب کو لذاتہ مستلزم ہو مثلاً ......کل انسان حیوان ......یہ ایک قضیہ ہے جو صادق ہے اور اس کی نقیض بعض الانسان لیس بحیوان......یہ کاذب ہے۔لہذا اول کا صدق ثانی کے کذب کو لذاتہ مستلزم ہے۔اسی طرح ایک کا

☆طهر قلبك من الحسد، ونقه من الحقد، واخرج منه البغضاء، وازل منه الشحناء.☆

کذب دوسرے کے صدق کو مستلزم ہو............"

۴۸۰ صفحات پر مشتمل یہ کتاب تحریک سواد اعظم نے شائع کی ہے جن کا ای میل ایڈریس ہے gmnaimi@gmail.com اور یہ درج ذیل پتہ سے طلب کی جاسکتی ہے: مکتبہ نعیمیہ، مکتبہ فاروقیہ، مکتبہ امجدیہ مٹیامحل دہلی انڈیا۔

دوسرا تحفہ...... رسائل اجملیہ...... کا ہے، حضرت علامہ مفتی محمد اجمل شاہ صاحب بانی مرکزی مدرسہ اجمل العلوم سنبھل، حضرت علامہ مفتی محمد عمر نعیمی اور صدرالافاضل حضرت مولانا سید نعیم الدین مرادآباد کے شاگرد رشید تھے۔ رسائل اجملیہ میں درج ذیل چار رسائل شامل ہیں۔

اجمل المقال لعارف رویت الہلال......

فوٹو کا جواز در حق عازمان سفر حجاز

افضل الانبیاء والمرسلین

عطر الکلام فی استحسان المولد والقیام

مولانا محمد آصف برکاتی نے اس مجموعہ کو صرف مرتب ہی نہیں کیا بلکہ اس میں متعدد علمی وتحقیقی کام بھی کئے ہیں مثلاً: قدیم اردو کو جدید اردو کے قالب میں ڈھالنے کی کوشش کی ہے۔ حوالہ جات کی تحقیق وتدقیق کے بعد از سرنو مرتب کیا۔ بعض عبارات بالخصوص آیات واحادیث مبارکہ اعراب کی متقاضی تھیں ان پر اعراب لگائے۔ ہر رسالہ سے قبل اس کا ایک مختصر سا تعارف لکھا۔

اس طرح یہ رسائل طبع ہوکر نہ صرف ضائع ہونے سے بچ گئے بلکہ افادہ عامہ کے لئے شائع ہوکر باعث نفع علمی ہورہے ہیں۔ اللہ رب العزت مرتب کو جزائے خیر عطا فرمائے (آمین)

یہ کتاب شعبہ نشر واشاعت مرکزی مدرسہ اہل سنت اجمل العلوم سنبھل نے شائع کی ہے جن کا ای میل ایڈریس ہے gmnaimi@gmail.com اور یہ مجلد خوبصورت کتاب درج ذیل پتہ سے طلب کی جاسکتی ہے: حق اکیڈمی مبارک پور انڈیا۔ سلمان بک ڈپو قمر مارکیٹ سنبھل انڈیا، مصباحی بک ڈپو کرولہ مرادآباد۔ انڈیا

ایک اور تحفہ ترکی کے اس شہر محبت سے ہمیں ملا ہے جہاں ہمارے مرشد کریم کے محبوب اور امت مسلمہ کے ترجمان حضرت مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ کا قیام ہے

۔یعنی قونیہ شریف۔قونیہ کی حاضری کا یہ دوسرا موقع تھا اس سے قبل دو سال پہلے جانے کا اتفاق ہوا اورحضرت مولانا سے وعدہ لیا تھا کہ پھربھی بلائیں گے......مثنوی شریف کا اردو میں ترجمہ شدہ نسخہ......اس سفر کا عظیم تحفہ ہے ......چھوٹے ڈائیری سائز میں پانچ خوبصورت جلدوں کا سیٹ ایک خوبصورت باکس میں ......

یہ نسخہ ادارہ ثقافت قونیہ نے شائع کیا ہے۔میں نے ذاتی طور پر یہ ادارہ وزٹ کیا اور ادارہ کے ڈائیریکٹر جنرل صاحب سے ملاقات کی اور یہ نسخہ انہوں نے تحفہ میں عنایت فرمایا۔آپ بھی یہ نسخہ اس ادارہ سے حاصل کر سکتے ہیں اس کے لئے ان کی ویب سائٹ پر جا کر انہیں اپنی خواہش سے آگاہ کریں انہیں ایک عدد خط ترکی ، انگریزی یا عربی میں لکھیں،ان کا پتہ ہے : Konia Municipality Cultural Publications Department, Konia Turkey.
www.konyakultur.com.tr

اس خوبصورت کتاب کا پہلا ایڈیشن ۲۰۰۶ میں شائع ہوا تھا اور اس کے بعد سے مسلسل چھپ رہا ہے ۔اردو ترجمہ جناب قاضی سجاد حسین صاحب کا ہے اور بلا قیمت ہدیۃً مل سکتا ہے......

ایک اور تحفہ جناب توفیق جونا گڑھی صاحب لائے ہیں اور یہ ہے......نزہۃ الخواطر کا علمی وتحقیقی جائزہ......یہ جائزہ جناب پیرزادہ عابد حسین شاہ صاحب نے مرتب کیا ہے ۔اور مسلم کتابوی لاہور نے اسے شائع کیا ہے ۔نزہۃ الخواطر اسلام کی چودہ صدیوں پر محیط جملہ اسلامی مکاتبِ فکر کے علماء ومشائخ ، نیز امرا وحکام ، مردوخواتین کے حالات پر مشتمل ہے اس عظیم وضخیم انسائیکلو پیڈیا کی تصنیف کا کام علامہ حکیم عبدالحی لکھنوی ندوی نے شروع کیا تھا اور اس کی تکمیل علی میاں کے ہاتھوں ہوئی آٹھ جلدوں کی یہ کتاب دنیائے اسلام میں بہت مقبول ہوئی......جناب عابد شاہ صاحب نے اس تاریخی کتاب کا ایک نقاد ومبصر کے طور پر جائزہ لیا ہے ۔اور بہت سارے مغالطے انہوں نے دور کرنے کی کوشش کی ہے اورندوۃ العلماء کے بارے میں بھی کافی ان کہی ، کہ دی ہے......طلبائے مدارس عربیہ کوبطور خاص اور جامعات کے شعبہ ہائے علوم اسلامیہ وعربیہ کو اس جائزے کا مطالعہ ضرور کرنا چاہئے ......۱۰۰ صفحات کے لگ بھگ یہ تعارفی کتاب مسلم کتابوی لاہور سے طلب کی جاسکتی ہے۔

ایک اور تحفہ جو مولانا توفیق جونا گڑھی صاحب کے توسط سے موصول ہوا ہے وہ......عقیدہ ختم النبوۃ......کی سولہویں جلد کا ہے۔اس کتاب کی ترتیب وتصحیح وتخریج میں ہمارے محترم دوست علامہ محمد عثمان برکاتی صاحب کا حصہ نمایاں ہے۔

یہ جلد ۶۰۰ سے زاید صفحات پر مشتمل ہے......چند برس قبل جناب مفتی محمد امین رحمۃ اللہ علیہ نے ختم نبوت کے حوالہ سے جس کام کا آغاز کیا تھا، یہ اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے، یعنی ختم نبوت کے موضوع پر شائع ہونے والی کتب کا ایک موسوعہ مرتب کرنا......تاکہ اس سلسلہ کا سارا مواد یکجا ہو جائے اور ضائع ہونے سے بچ جائے......زیر نظر جلد میں بابو پیر بخش لاہوری (بانی انجمن تائید الاسلام) کے حسب ذیل کتب و رسائل آ گئے ہیں......

تحقیق صحیح فی تردید قبر مسیح

حافظ ایمان (فارسی) و اردو

بابو پیر بخش صاحب کے رد قادیانیت پر مضامین (۱۹۱۵ تا ۱۹۲۷)

بابو پیر بخش صاحب کے رد قادیانیت پر رسائل

سولہویں جلد کا ہدیہ صرف ۴۵۰ روپے ہے اور ناشرین کا کہنا ہے کہ یہ صرف اخراجات کا کچھ بدل ہے پورا بھی شاید نہ ہو، اتنی کم قیمت میں اس قدر قیمتی کتاب کا ملنا ممکن نہیں......اللہ تعالیٰ ناشرین کو اجر جزیل عطا فرمائے (آمین) حضور ﷺ سے محبت رکھنے والے ہر شخص کو یہ کتاب خریدنی چاہئے اور اس کا مطالعہ کرنا چاہئے نیز صاحب حیثیت اشخاص یہ کتاب خرید کر مدارس کے علماء و طلبہ میں مفت تقسیم کریں نذر و نیاز کی دیگیں پکانے اور خیرات کرنے سے اس میں انشاء اللہ زیادہ نفع ہوگا......کچھ کتابیں حضور غوث پاک کے نام کی خرید کر گیارھویں شریف کے موقع پر تقسیم کریں انشاء اللہ حضور غوث اعظم کی روح اس سے خوش ہوگی کہ ان کے نانا و بابا جان کی عزت و ناموس کی حفاظت کے لئے لکھی اور شائع کی جانے والی باتیں آپ نے آج کے دور کے مسلمانوں تک پہنچانے کا اہتمام کیا......

..........................................